Jubilee
LIFE INSURANCE

نوٹس برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ، کا 21 واں سالانہ اجلاسِ عام درجِ ذیل شیڈول کے مطابق منعقد کیا جائے گا:

تاریخ اور وقت: 28 مارچ 2016 (پیر) صبح 11 بجے

مقام: آڈیٹوریم، حبیب بینک ٹاور، جناح ایونیو، اسلام آباد

ایجنڈا:

عمومی کارروائی:

1۔ 11 دسمبر 2015 کو منعقد ہونے والے 8 ویں غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق

2۔ کمپنی کے 31 دسمبر 2015 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ حسابات اور ان کے بارے میں ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3۔ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق 31 دسمبر 2015 کو ختم ہونے والے سال کے لئے 105 فیصد حتمی کیش ڈیویڈینڈ (10 روپے کے فی عام شیئر پر 10.50 روپے) اس کے علاوہ عبوری منافع منقسمہ 3 روپے فی شیئر یعنی 30 فیصد کے حساب سے شیئر ہولڈرز کو پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے۔ اس طرح 31 دسمبر 2015 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کل 13.5 روپے فی شیئر یعنی 135% کا اعلان اور منظوری۔

4۔ سال 2016 کے لئے ایکسٹرنل آڈیٹرز اور شریعہ امور کے ماہر آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضوں کا تعین۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی اہلیت کے اعتبار سے خود کو دوبارہ بطور اسٹیچوری (قانونی) آڈیٹرز اور بطور شریعہ امور کے ماہر آڈیٹر، تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کئے جانے والے کسی دیگر عمومی کاروباری امور پر کارروائی۔

بحکم بورڈ

نجم الحسن جنجوعہ

کمپنی سیکریٹری

07 مارچ 2016

کراچی

نوٹس:

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 22 مارچ 2016 سے 28 مارچ 2016 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہر اعتبار سے درست ٹرانسفرز جو ہمارے رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان، سی ڈی سی رجسٹرار سروس، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی، 74400 کے پاس 21 مارچ 2016 کو کاروبار بند ہونے کے اوقات تک موصول ہوں گے، اجلاس میں شرکت کے لئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

2۔ کمپنی کا/ کی کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا/ رکھتی ہے، کسی دوسرے ممبر کو شریک ہونے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔ مقرر کردہ پراکسی کو اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو کسی ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔

3۔ کوئی ممبر کسی ایک اجلاس میں شرکت کے لئے ایک سے زیادہ پراکسی مقرر نہیں کر سکتا۔ اگر کوئی ممبر ایسا کرتا ہے اور اس سلسلے میں ایک سے زیادہ تقرر نامے جمع کراتا ہے تو ایسی صورت میں پراکسی کے ایسے تمام تقرر نامے کالعدم تصور کئے جائیں گے۔

4۔ پراکسی کے تقرر نامے موثر ہونے کے لئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، 26-D، تھرڈ فلور، کشمیر پلازہ، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد میں اجلاس کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں/ جمع کرادی جائیں۔

5۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں میں ہونے والی کسی تبدیلی سے فوری طور پر مطلع کریں۔

6۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 1، بتاریخ 26 جنوری 2000 میں دیئے گئے رہنما اصولوں پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

7۔ سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے مورخہ 18 اگست 2011 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر SRO779(1)/2011 اور مورخہ 5 جولائی 2012 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر SRO831(1)/2012 کے تحت ایسے شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل شیئرز ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک کاپی ہمارے رجسٹرار آفس، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی بھجوادیں۔ تاکہ ان کا قومی شناختی کارڈ نمبر ان کے حتمی وارنٹ پر درج کیا/ چھاپا جا سکے۔ موثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی موصول نہ ہونے اور مندرجہ بالا اہم معلومات فراہم نہ کرنے کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کو حتمی وارنٹ کی ترسیل روکنے پر مجبور ہوگی۔ کارپوریٹ اینٹی ٹیز سے بھی درخواست ہے کہ وہ اپنے NTN ہمارے رجسٹرار کے مذکورہ بالا پتے پر اہم معلومات کے ساتھ جمع کرادیں۔

8۔ براہِ مہربانی، مزید اس امر کو نوٹ فرمائیں کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت اور فنانشل ایکٹ 2014 کی تعمیل میں، "Filer" اور "Non Filer" شیئر ہولڈرز کی ڈیویڈینڈ آمدنی پر بالترتیب 12.5 فیصد اور 17.5 فیصد کے حساب سے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، ودہولڈنگ ٹیکس پرنسپل شیئر ہولڈرز کے "Filer" اور "Non Filer" حیثیت کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ لاگو کیا جائے گا جبکہ جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈر(ز) ہونے کی صورت میں ان کے شیئر کے تناسب سے عائد کیا جائے گا۔

اس امر کے تحت تمام جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے بنیادی شیئرز میں سے شیئر ہولڈنگ کا تناسب، ہمارے رجسٹرار سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی، 74400 پر ہمیں درجِ ذیل اعتبار سے تحریری طور پر فراہم کریں:

Folio/ CDC اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئرز کا ملکیتی تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر	شیئرز کا ملکیتی تناسب (شیئرز کی تعداد)

نوٹ: مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار میں 24 مارچ 2016 تک پہنچ جانی چاہیئں۔ بصورتِ دیگر یہ فرض کرلیا جائے گا کہ شیئرز اس کے بنیادی مالک اور مشترکہ مالک/ مالکان کے درمیان مساوی طور پر منقسم ہیں۔